روزنامہ
FD-10
ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 31/اگست 2009ء 9 رمضان المبارک 1430 ہجری 31 ظہور 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 197

آزادی کا مہینہ

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

یقیناً ہر روز افطاری کے وقت اللہ کی خاطر لوگ (آگ سے) آزاد کئے جاتے ہیں اور ایسا ہر رات ہوتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الصیام باب فی فضل شهر رمضان حدیث نمبر 1633)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مریض اور مسافر روزہ نہ رکھے اس میں امر ہے یہ اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا کہ جس کا اختیار ہو رکھ لے جس کا اختیار ہو نہ رکھے میرے خیال میں مسافر کو روزہ نہیں رکھنا چاہئے اور چونکہ عام طور پر اکثر لوگ رکھ لیتے ہیں اس لئے اگر کوئی تعامل سمجھ کر رکھ لے تو کوئی حرج نہیں مگر **عدة من ايام اخر** کا پھر بھی لحاظ رکھنا چاہئے۔

سفر میں تکالیف اٹھا کر جو انسان روزہ رکھتا ہے تو گویا اپنے زور بازو سے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا چاہتا ہے اس کو اطاعت امر سے خوش نہیں کرنا چاہتا یہ غلطی ہے اللہ تعالیٰ کی اطاعت امر اور نہی میں سچا ایمان ہے۔ (الحکم 31 جنوری 1899ء ص 7، ملفوظات جلد پنجم ص 321)

میرا مذہب یہ ہے کہ انسان بہت دقتیں اپنے اوپر نہ ڈال لے۔ عرف میں جس کو سفر کہتے ہیں خواہ وہ دو تین کوس ہی ہو اس میں قصر و سفر کے مسائل پر عمل کرے **انما الاعمال بالنيات**۔ بعض دفعہ ہم دو دو تین تین میل اپنے دوستوں کے ساتھ سیر کرتے ہوئے چلے جاتے ہیں مگر کسی کے دل میں یہ خیال نہیں آتا کہ ہم سفر میں ہیں لیکن جب انسان اپنی گٹھڑی اٹھا کر سفر کی نیت سے چل پڑتا ہے تو وہ مسافر ہوتا ہے۔ شریعت کی بنا دقت پر نہیں ہے جس کو تم عرف میں سفر سمجھو وہی سفر ہے اور جیسا کہ خدا کے فرائض پر عمل کیا جاتا ہے ویسا ہی اس کی رخصتوں پر عمل کرنا چاہئے فرض بھی خدا کی طرف سے ہیں اور رخصت بھی خدا کی طرف سے۔

(الحکم 17 فروری 1901ء ص 13)

اصل بات یہ ہے کہ قرآن شریف کی رخصتوں پر عمل کرنا بھی تقویٰ ہے۔ خدا تعالیٰ نے مسافر اور بیمار کو دوسرے وقت رکھنے کی اجازت اور رخصت دی ہے اس لئے اس حکم پر بھی تو عمل رکھنا چاہئے۔ میں نے پڑھا ہے کہ اکثر اکابر اس طرف گئے ہیں کہ اگر کوئی حالت سفر یا بیماری میں روزہ رکھتا ہے تو یہ معصیت ہے۔ کیونکہ غرض تو اللہ تعالیٰ کی رضا ہے نہ اپنی مرضی اور اللہ تعالیٰ کی رضا فرمانبرداری میں ہے جو حکم وہ دے اس کی اطاعت کی جاوے اور اپنی طرف سے اس پر حاشیہ نہ چڑھایا جاوے۔ اس نے تو یہی حکم دیا ہے **من كان منكم مريضاً** .... اس میں کوئی قید اور نہیں لگائی کہ ایسا سفر ہو یا ایسی بیماری ہو۔ میں سفر کی حالت میں روزہ نہیں رکھتا اور ایسا ہی بیماری کی حالت میں۔ چنانچہ آج بھی میری طبیعت اچھی نہیں اور میں نے روزہ نہیں رکھا۔ (الحکم 31 جنوری 1907ء ص 14، ملفوظات جلد پنجم ص 67)

من كان منكم مريضاً .... اگر تم مریض ہو یا کسی سفر قلیل یا کثیر پر ہو تو اسی قدر روزے اور دنوں میں رکھ لو۔ سو اللہ تعالیٰ نے سفر کی کوئی حد مقرر نہیں کی اور نہ احادیث نبوی میں حد پائی جاتی ہے بلکہ محاورہ عام میں جس قدر مسافت کا نام سفر رکھتے ہیں وہی سفر ہے ایک منزل (سے) جو کم حرکت ہو اس کو سفر نہیں کہا جا سکتا۔

(مکتوبات جلد پنجم نمبر پنجم ص 81 (مکتوب 30/2 بنام حضرت صاحبزادہ پیر سراج الحق صاحب)

جو شخص مریض اور مسافر ہونے کی حالت میں ماہ صیام میں روزہ رکھتا ہے وہ خدا تعالیٰ کے صریح حکم کی نافرمانی کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے صاف فرما دیا ہے کہ مریض اور مسافر روزہ نہ رکھے۔ مرض سے صحت پانے اور سفر کے ختم ہونے کے بعد روزے رکھے۔ خدا کے اس حکم پر عمل کرنا چاہئے کیونکہ نجات فضل سے ہے نہ کہ اپنے اعمال کا زور دکھا کر کوئی نجات حاصل کر سکتا ہے۔ خدا تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ مرض تھوڑی ہو یا بہت اور سفر چھوٹا ہو یا لمبا ہو بلکہ حکم عام ہے اور اس پر عمل کرنا چاہئے۔ مریض اور مسافر اگر روزہ رکھیں گے تو ان پر حکم عدولی کا فتویٰ لازم آئے گا۔ (بدر 17/ اکتوبر 1907ء ص 7، ملفوظات جلد پنجم ص 320)

منكم کا لفظ قرآن کریم میں قریباً بیاسی 82 جگہ آیا ہے اور بجز دو یا تین جگہ کے جہاں کوئی خاص قرینہ قائم کیا گیا ہے باقی تمام مواضع میں **منكم** کے خطاب سے وہ تمام .... مراد ہیں جو قیامت تک پیدا ہوتے رہیں گے .... **فمن كان منكم مريضاً** .... یعنی جو تم میں سے مریض یا سفر پر ہو تو اتنے ہی روزے اور رکھ لے۔ اب سوچو کہ کیا یہ حکم صحابہ سے خاص تھا یا اس میں اور بھی .... جو قیامت تک پیدا ہوتے رہیں گے شامل ہیں۔

(شہادت القران، روحانی خزائن جلد 6 ص 331)

سوال پیش ہوا کہ بعض اوقات رمضان ایسے موسم میں آتا ہے کہ کاشتکاروں سے جبکہ کام کی کثرت مثل تخم ریزی و درودگی ہوتی ہے ایسے ہی مزدوروں سے جن کا گزارہ مزدوری پر ہے۔ روزہ نہیں رکھا جاتا۔ ان کی نسبت کیا ارشاد ہے۔

فرمایا **الاعمال بالنيات**۔ یہ لوگ اپنی حالتوں کو مخفی رکھتے ہیں ہر شخص تقویٰ و طہارت سے اپنی حالت سوچ لے اگر کوئی اپنی جگہ مزدوری پر رکھ سکتا ہے تو ایسا کرے ورنہ مریض کے حکم میں ہے پھر جب میسر ہو رکھ لے۔ (بدر 26 ستمبر 1907ء ص 7)

بیوت الذکر کی آبادی

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اراکین مجلس شوریٰ 2009ء کے نام اپنے پیغام میں بیوت الذکر کی آبادی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

''مالی قربانی میں تو ماشاءاللہ پاکستان کے احمدیوں نے دنیا کی تمام جماعتوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے لیکن (بیوت الذکر) کی آبادی کی طرف توجہ کی بہت ضرورت ہے۔ اللہ اس میں آپ کو صف اول میں کھڑا کر دے''۔

اسی طرح ایک اور موقع پر آپ نے فرمایا:

''(بیوت الذکر) کی آبادی کا یہ انتظام اگر جاری رہے گا، اس میں سستی نہیں آئے گی۔ اب اس میں صرف ربوہ ہی نہیں بلکہ جہاں جہاں احمدی آبادیاں ہیں، اپنی (بیوت الذکر) کو آباد رکھنے کی کوشش کریں گی اور ہماری (بیوت الذکر) تنگ پڑنی شروع ہو جائیں گی۔ اتنی حاضری ہوگی کہ ہر بچہ، ہر بوڑھا، ہر جوان نمازوں کے دوران (بیت الذکر) کی طرف جائے گا۔ تو یہ کیفیت جب ہوگی تو پھر اللہ تعالیٰ بھی ہماری دعاؤں کو بہت سنے گا۔ اسی طرح گھروں میں بھی خواتین نمازوں اور عبادات کا خاص اہتمام کریں اور پھر دیکھیں کہ انشاءاللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کس طرح مدد کو آتا ہے۔''

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

توسیع تاریخ مقابلہ مقالہ نویسی
2008-09ء
(مجلس انصاراللہ پاکستان)

۞ مقابلہ مقالہ نویسی میں شرکت کرنے والے انصار، خدام، اطفال، لجنہ، ناصرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مقالہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 31/اگست 2009ء تھی۔ اب اس میں ایک ماہ کی توسیع کی جا رہی ہے اور مقالہ جات جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2009ء مقرر کر دی گئی ہے۔ تمام مقالہ نویس 30 ستمبر 2009ء سے قبل اپنے مقالہ جات قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان کو بھجوا دیں۔

(عبدالخالق خالد۔ قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

جماعت احمدیہ یوگنڈا کا 21واں جلسہ سالانہ

ڈپٹی سپیکر پارلیمنٹ، وزرائے مملکت اور آٹھ ممبرانِ پارلیمنٹ کے علاوہ

قریباً تین ہزار مرد و خواتین کی شمولیت۔ ذرائع ابلاغ خصوصاً ٹی وی پر جلسہ کی تشہیر

جماعت احمدیہ کی طرف سے بہبود انسانی کے کاموں پر خراج تحسین

رپورٹ مکرم ندیم خالد رانا صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ یوگنڈا

جماعت احمدیہ یوگنڈا کا اکیسواں جلسہ سالانہ جو کہ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کی تقریبات کی مناسبت سے جوبلی جلسہ تھا، کا انعقاد جماعت کے نیشنل ہیڈکوارٹرز میں واقع احمدیہ ہائی سکول کمپالا میں مورخہ 13،12 اور 14 دسمبر 2008ء کو ہوا۔ جلسہ کا مرکزی موضوع وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ...... (اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو) تھا۔

12 دسمبر 2008ء

اگرچہ احباب جماعت کی اکثریت نمازِ جمعہ وعصر سے قبل ہی جلسہ میں شرکت کے لئے کمپالا پہنچ چکی تھی۔ تاہم جلسہ کا باقاعدہ افتتاح 12/دسمبر ساڑھے چار بجے سہ پہر تقریب پرچم کشائی سے ہوا۔ مکرم مولانا عنایت اللہ صاحب زاہد امیر و مشنری انچارج یوگنڈا نے لوائے احمدیت لہرایا۔ جبکہ HON.MOI KIRYA نے اپنے خاوند H.E KIRYA PAUL سابق ہائی کمشنر یوگنڈا برائے برطانیہ، کی معیت میں یوگنڈا کا پرچم لہرایا۔

تقریب پرچم کشائی کے فوراً بعد جلسہ کے پہلے اور افتتاحی اجلاس کا آغاز تلاوت قرآنِ کریم و ترجمہ سے ہوا۔ بعد ازاں نظم پیش کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت جوبلی جلسہ کے موقع پہ جماعت احمدیہ یوگنڈا کے لئے خصوصی پیغام بھجوایا۔ جسے احباب کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت خاکسار کے حصہ آئی۔ حضورِ انور نے اپنے پیغام میں فرمایا کہ جلسہ کی غرض آپس میں بھائی چارے کا قیام ہے۔ حضرت مسیح موعود پہ ایمان کی بدولت ہم ایک حیران کن جماعت میں ڈھل چکے ہیں۔ یاد رکھیں کہ جلسہ کی دوسری اغراض ازدیادِ ایمان کے علاوہ دوستی، بھائی چارے اور وحدت کا قیام ہے۔ حضورِ انور نے حضرت مسیح موعود کے الفاظ مبارک میں جلسہ کی یہ غرض بھی بیان فرمائی کہ ہمارے دِل ہمیشہ آخرت کی طرف مائل رہیں۔ حضورِ انور نے یہ بھی دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سب شاملینِ جلسہ کے حق میں حضرت مسیح موعود کی ساری دعائیں قبول فرمائے۔

اس کے بعد مکرم امیر صاحب نے اپنی افتتاحی تقریر میں سب خلفائے احمدیت کی سلسلہ وار مختصر تاریخ بیان کی۔

افتتاحی خطاب کے بعد منتخب مہمانانِ گرامی نے مختصر تقاریر کیں۔ علاقہ کے ممبر پارلیمنٹ HON. LUKAINAGO ERIAS نے بڑے فخر سے کہا کہ وہ احمدیہ ہائی سکول کے سابق طالب علم ہیں اور آج وہ جو کچھ بھی ہیں اسی سکول کی بدولت ہیں۔

اس سیشن کی مہمانِ خصوصی ڈپٹی سپیکر پارلیمنٹ Rt. Hon. REBECA KADAGA نے جو جلسہ میں شرکت کے لئے اپنی کئی اہم سرکاری مصروفیات کو مختصر کر کے آئی تھیں، تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا آئین مذہبی آزادی کا امین ہے۔ انہوں نے جماعت کی صحت، تعلیم اور دیگر سماجی شعبہ جات میں خدمات کی تعریف کرتے ہوئے اپنے علاقہ KAMULI میں بھی ترقیاتی پروگرام شروع کرنے کی درخواست کی۔

وقت کی تنگی کے باعث پہلے اجلاس کی دوسری تقریر، نماز مغرب وعشاء اور کھانے کے وقفہ کے بعد مکرم آدم حمید صاحب نے ”دین حق کے استحکام میں خلافت راشدہ کا کردار“ کے موضوع پر کی۔

13 دسمبر 2008ء

جلسہ کے دوسرے دن کا آغاز نمازِ تہجد و فجر اور اس کے بعد درس القرآن سے ہوا۔

جلسہ کے دوسرے سیشن کا آغاز صبح نو بجے تلاوت سے ہوا۔ اس کے بعد ایک مقامی خادم نے ترنم سے حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ شیریں کلام پیش کیا۔

بعد ازاں مکرم شیخ محمد علی کائرے صاحب نے خلافت کے موضوع پہ اپنے خطاب میں قرآن و حدیث کی روشنی میں منصب خلافت کی وضاحت کی۔

بعدازاں ”کلامِ طاہر“ سے ایک نظم پیش کی گئی۔

مکرم حافظ الیاس کساوے صاحب نے ”حضرت مسیح موعود کا عشق قرآن“ کے موضوع پر تقریر کی۔

وقفہ برائے طعام و نماز کے بعد جلسہ کے تیسرے اجلاس کا آغاز تلاوت قرآنِ کریم سے ہوا۔ اس کے بعد خوش الحانی سے یوگنڈا زبان میں نظم پیش کی گئی۔

نظم کے بعد مکرم اعجاز احمد صاحب نیر نے ”دین میں عائلی زندگی کا تصور“ کے موضوع پر تقریر کی۔

احمدیہ ہائی سکول کے ایک اور سابق طالب علم اور ممبر پارلیمنٹ HON. MUHAMMED KAWUMA نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جماعت کی تعلیمی خدمات صرف (۔) کے لئے ہی وقف نہیں بلکہ دوسرے بھی اس سے خوب استفادہ کر رہے ہیں۔ اس موقع پہ انہوں نے بتایا کہ وہ ’A‘ لیول کے پہلے سیٹ کے طالب علم ہیں اور ان کے کئی کلاس فیلوز اپنے شعبہ میں بڑا نام رکھتے ہیں۔ ان کا اپنا اور باقی سب طلباء کا نمایاں مقام احمدیہ ہائی سکول کی ہی مرہونِ منت ہے۔

اس سیشن کی مہمان خصوصی وزیر مملکت برائے لوکل گورنمنٹ HON.HOPE MWESIGYE نے اپنی تقریر میں کہا کہ وہ عیسائی مذہب سے تعلق رکھنے والی خاتون ہیں اور وہ جلسہ میں شرکت کی دعوت پہ انتہائی مشکور ہیں۔ جماعت کے دعوت نامہ ہی سے انہیں پتہ چل گیا تھا کہ آپ کا ایمان ہے کہ دین حق کا مطلب امن اور سلامتی ہے اور آپ کا نصب العین "LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE" ہے۔ اور اس دولت سے مالا مال ہونے کے بعد کیا ہم اسے اپنے ہمسایوں تک بھی منتقل کر رہے ہیں کہ نہیں۔ ملک میں آئے روز کی قتل و غارت کا تقاضا ہے کہ اس تعلیم پہ عمل کیا جائے۔

وزیر موصوفہ نے تمام والدین کی خدمت میں درخواست کی کہ وہ بچوں کی تعلیم و تربیت پہ خصوصی توجہ دیں۔ آخر میں انہوں نے جماعت کی مختلف شعبہ جات میں خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر مکرم امیر صاحب نے وزیر مملکت کی خدمت میں جماعتی لٹریچر بطور تحفہ پیش کیا۔

بعد ازاں مکرم شیخ یوسف علی کائرے صاحب نے ”دین کے احیائے نو میں خلافت احمدیہ کا کردار“ کے موضوع پر تقریر کی۔

نمازوں اور کھانے کے وقفہ کے بعد مجلس سوال و جواب منعقد ہوئی۔ جس میں مکرم شیخ محمد علی کائرے صاحب، مکرم شیخ آدم حمید صاحب اور مکرم اعجاز احمد صاحب نیر نے احباب کی طرف سے موصول ہونے والے سوالات کے جوابات دیئے۔ رات دیر تک جاری رہنے والی اس مجلس میں سب سامعین نے بڑی دلچسپی سے حصہ لیا۔

14 دسمبر 2008ء

تیسرے دن کا آغاز نمازِ تہجد و فجر سے ہوا۔ جس کے بعد درس قرآن ہوا۔ ناشتہ کے بعد سب ذیلی تنظیموں اور احمدیہ ایسوسی ایشن کے اجلاسات منعقد ہوئے۔

جلسہ کے چوتھے اور آخری اجلاس کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ ازاں بعد کلام طاہر سے منظوم کلام پیش کیا گیا۔

بعد ازاں HON. ASUMAN KIYIMGI M.P نے ”مالی قربانی کی برکات“ پر بڑی مدلل تقریر کی۔

وزیر مملکت برائے سماجی بہبود و لیبر HON. RUKIA NAKADAMA کے نمائندہ Consultant National Youth، Mr. SHUBAN MUGWERI نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ دینی تعلیم کامیابی کی ضامن ہے۔

مکرم امیر صاحب نے اپنی اختتامی تقریر میں غیر مسلموں سے حسن سلوک کے حوالے سے حضرت محمد ﷺ کی سیرۃ طیبہ بیان کی۔

جلسہ کے پہلے دن ہی شدید بارش کا امکان پیدا ہوا۔ مگر اللہ تعالیٰ کے فضل سے ارد گرد کے علاقوں میں تیز بارش کے باوجود مشن ہاؤس کے علاقہ میں تینوں دن موسم خوشگوار رہا۔

اس جلسہ میں تنزانیہ (Tanzania) اور روانڈہ (Rwanda) سے 20 احمدی احباب پہ مشتمل وفود شامل ہوئے۔ ان میں سے اکثریت نو مبائعین کی تھی۔ سبھی احباب جلسہ کے پروگراموں سے بہت متاثر ہوئے۔

جلسہ کے افتتاح سے قبل ایک پریس کانفرنس میں محترم امیر صاحب نے جلسہ کا پس منظر اور صد سالہ خلافت جوبلی کے سلسلہ میں جاری تقریبات کی وضاحت کی۔ ذرائع ابلاغ خصوصاً TV کے نصف گھنٹہ کے پروگرام سے جلسہ کی خوب تشہیر ہوئی۔

جلسہ کے موقع پر ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس میں جماعتی تاریخ اور مختلف شعبہ جات میں جماعتی خدمات کو اجاگر کیا گیا تھا۔

ان گنت برکات سمیٹے ہوئے یہ جلسہ حسب پروگرام 14 دسمبر کی دوپہر ڈیڑھ بجے دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ جلسہ کے جملہ انتظامات کے سلسلہ میں تمام ناظمین اور کارکنان نے انتہائی لگن سے اپنے فرائض ادا کئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجرِ عظیم سے نوازے۔ (آمین)

(الفضل انٹرنیشنل 17/جولائی 2009ء)

خدا کا شکر کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:۔

”ایم ٹی اے ایک بہت ہی بڑا احسان ہے کہ ناممکن ہے کہ ہم اس کا شکر ادا کرسکیں اللہ تعالیٰ کے حضور۔ سارے عالم میں جو جماعت نے تربیت کی ذمہ داری ڈالی اور وہ بڑھ رہی ہے۔ دعوت الی اللہ کے تقاضوں کے بڑھنے کے ساتھ یہ ضرورت اور زیادہ بڑھتی چلی جارہی ہے ہم کیسے ادا کر سکتے تھے۔ ناممکن تھا اور لاکھوں بنا کر ان کو پھر اندھیروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا یہ کون سی حکمت کی بات تھی۔ اب اللہ کے فضل سے جماعت احمدیہ میں یہ استطاعت ہے کہ یہ نظام مسلسل چوبیں گھنٹے تمام دنیائے احمدیت میں ہر جگہ اللہ اور اس کے رسول کی باتیں پہنچائے گا اور دنیا میں کوئی جگہ بھی ایسی نہیں ہے جو اس نور سے خالی ہو۔ پس جس قدر بھی خدا کا شکر ادا کیا جائے کم ہے“۔

(ہفت روزہ الفضل انٹرنیشنل لندن 21 جون 1996ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد طارق محمود صاحب

خدا، خدا کے رسولؐ اور خدا کے بندوں سے محبت موجب رضائے الٰہی اور ذریعہ نجات ہے

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

”جو مجھے دیا گیا ہے وہ محبت کے ملک کی بادشاہت اور معارف الٰہی کے خزانے ہیں جن کو بفضلہٖ تعالیٰ اس قدر دوں گا کہ لوگ لیتے لیتے تھک جائیں گے۔ (ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 566)

اللہ تعالیٰ کی محبت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اصل بات یہی ہے کہ انسان کا دل خدا تعالیٰ کی خالص محبت سے اس طرح لبریز ہو جاوے جیسے کہ عطر کا شیشہ بھرا ہوا ہو اور خدا تعالیٰ اس سے خوش ہو جاوے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 77)

اللہ تعالیٰ کی محبت کو اکسیر کیا گیا ہے۔ یہ اکسیر نہیں بلکہ اکسیر اعظم ہے۔ اکسیر سے تو صرف تانبے کو سونا بنایا جا سکتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی محبت سے تو پتھر دل بھی کندن بن جاتے ہیں۔ قرآن پاک میں اللہ کی شدید محبت کو ایمان والوں کی صفت قرار دیا۔

سیدنا حضرت مسیح موعود اپنی معرکۃ الآراء تصنیف اسلامی اصول کی فلاسفی میں سورۃ توبہ کی آیت نمبر 24 کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

یعنی ان کو کہہ دے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہاری برادری اور تمہارے وہ مال جو تم نے محنت سے کمائے ہیں اور تمہاری سوداگری جس کے بند ہونے کا تمہیں خوف ہے اور تمہاری حویلیاں جو تمہارے دل پسند ہیں۔ خدا سے اور اس کے رسول سے اور خدا کی راہ میں اپنی جانوں کو لڑانے سے زیادہ پیارے ہیں تو تم اس وقت تک منتظر رہو کہ جب تک خدا اپنا حکم ظاہر کرے اور خدا بدکاروں کو کبھی اپنی راہ نہیں دکھائے گا۔

......اور جب انسان کی محبت خدا کے ساتھ اس درجہ تک پہنچ جائے کہ اس کا مرنا اور جینا اپنے لئے نہیں بلکہ خدا ہی کے لئے ہو جائے۔ تب خدا جو ہمیشہ سے پیار کرنے والوں کے ساتھ پیار کرتا آیا ہے اپنی محبت کو اس پر اتارتا ہے اور ان دونوں محبتوں کے ملنے سے انسان کے اندر ایک نور پیدا ہوتا ہے جس کو دنیا نہیں پہچانتی اور نہ سمجھ سکتی ہے۔ ......غرض جب وہ نور پیدا ہوتا ہے تو اس نور کی پیدائش کے دن سے ایک زمینی شخص آسمانی ہو جاتا ہے......اور اس کے دل کو جو پاک محبت سے بھرا ہوا ہے اپنا تخت گاہ بناتا ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 384,383)

استثنا باب 6 آیت نمبر 4 تا 7 میں لکھا ہے۔

سن اے اسرائیل! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے تو اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری طاقت سے خداوند اپنے خدا سے محبت رکھ اور یہ باتیں جن کا حکم آج میں تمہیں دیتا ہوں تیرے دل پر نقش رہیں اور تو ان کو اپنی اولاد کے ذہن نشین کرنا۔

کارلائل کا قول ہے کہ مجھے قرآن کی اس آیت نے بہت متاثر کیا جس میں انسانوں کے مابین محبت اور مودت کا ذکر آتا ہے۔ اگر باہمی محبت پیدا نہ کی جاتی تو دنیا کا نقشہ کیا ہوتا؟ یہ آیت حقیقت کا ایک ایسا انکشاف ہے جو انسانی ذہن میں دنیاوی ذرائع سے داخل نہیں ہو سکتا۔ (پیغمبر اسلام غیر مسلموں کی نظر میں ص 59)

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اے عزیز! بے شک وہ لوگ جنہوں نے اپنے دلوں کو خدا کے لئے خالص کر لیا اور اپنے چہروں کو اس کا فرمانبردار بنا دیا اور اللہ کی محبت کا پیالہ پیا۔ اللہ ان کو ضائع نہیں کرے گا۔ جو ان کا رب ہے اور ان کو ان کا مولیٰ نہیں چھوڑے گا۔ اگرچہ تمام درختوں کے پتے اور سمندروں کے قطرے اور پتھروں کے ذرات اور جو کچھ جہانوں میں ہے ان کا دشمن ہو جائے۔ بلکہ وہ لوگ جو اس کی اطاعت کرتے ہیں اور اس کی مرضی کے سوا کچھ نہیں چاہتے وہ ایسی قوم ہیں جن کو کوئی چیز غم میں نہیں ڈالتی مگر اس کا فراق اور جب وہ پا لیتے ہیں جس کی تلاش میں ہوتے ہیں۔ تو ان کے لئے کوئی ہم اور غم اس کے بعد باقی نہیں رہتا۔ اگرچہ وہ قتل کئے جائیں یا جلائے جائیں اور ان کو کسی کی گالی اور لعن ضرر نہیں پہنچاتی اور اللہ ان پر ہر ایک لعنت کو برکت کر دیتا ہے اور ہر ایک گالی کو ان کے حق میں رحمت کر دیتا ہے۔ (ترجمہ از تحفہ بغداد۔ روحانی خزائن جلد 7 ص 8)

زبور باب 145 آیت نمبر 20 میں لکھا ہے:۔

خداوند اپنے سب محبت رکھنے والوں کی حفاظت کرے گا لیکن سب شریروں کو ہلاک کر ڈالے گا۔

یوحنا باب 14 آیت نمبر 21 میں لکھا ہے۔

”جس کے پاس میرے حکم ہیں اور وہ ان پر عمل کرتا ہے وہی مجھ سے محبت رکھتا ہے اور جو مجھ سے محبت رکھتا ہے وہ میرے باپ کا پیارا ہو گا اور میں اس سے محبت رکھوں گا اور اپنے آپ کو اس پر ظاہر کروں گا۔

نجات کی جڑ محبت الٰہی

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

انسان جب خدا تعالیٰ کی محبت کی آگ میں پڑ کر اپنی تمام ہستی کو جلا دیتا ہے تو وہی محبت کی موت اس کو ایک نئی زندگی بخشتی ہے کیا تم نہیں سمجھ سکتے کہ محبت بھی ایک آگ ہے اور گناہ بھی ایک آگ ہے۔ پس یہ آگ جو محبت الٰہی کی آگ ہے گناہ کی آگ کو معدوم کر دیتی ہے یہی نجات کی جڑ ہے۔

(قادیان کے آریہ اور ہم۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 448)

امن است در مکان محبت سرائے ما

حضرت مسیح موعود انسانوں سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”میں تمام مسلمانوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں اور آریوں پر یہ بات ظاہر کرتا ہوں کہ دنیا میں کوئی میرا دشمن نہیں۔ میں بنی نوع انسان سے ایسی محبت کرتا ہوں کہ جیسے والدہ مہربان اپنے بچوں سے بلکہ اس سے بڑھ کر“۔ (اربعین۔ روحانی خزائن جلد 17 ص 344)

صدق سے میری طرف آؤ اسی میں خیر ہے
ہیں درندے ہر طرف میں ہوں عافیت کا حصار

پھر فرماتے ہیں:۔

مومن وہ ہے کہ جس کے دل میں محبت الٰہی نے عشق کے رنگ میں جڑ پکڑ لی ہو۔ اس نے فیصلہ کر لیا ہو کہ وہ ہر ایک تکلیف اور ذلت میں بھی خدا تعالیٰ کا ساتھ نہ چھوڑے گا۔ اب جس نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کب کسی کا کانشنس کہتا ہے کہ وہ ضائع ہو گا کیا کوئی رسول ضائع ہوا؟

دنیا ناخنوں تک ان کو ضائع کرنے کی کوشش کرتی ہے لیکن وہ ضائع نہیں ہوتے جو خدا تعالیٰ کے لئے ذلیل ہو وہی انجام کار عزت و جلال کا تخت نشین ہو گا۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 31)

محبت رسولؐ

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

میرا یہ ذاتی تجربہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی سچے دل سے پیروی کرنا اور آپ سے محبت رکھنا انجام کار انسان کو خدا کا پیارا بنا دیتا ہے اس طرح پر کہ خود اس کے دل میں محبت الٰہی کی ایک سوزش پیدا کر دیتا ہے۔ تب ایسا شخص ہر ایک چیز سے دل برداشتہ ہو کر خدا کی طرف جھک جاتا ہے اور اس کا انس و شوق صرف خدا تعالیٰ سے باقی رہ جاتا ہے۔ تب محبت الٰہی کی ایک خاص تجلی اس پر پڑتی ہے اور اس کو ایک پورا رنگ عشق اور محبت کا دے کر قوی جذبہ کے ساتھ اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ تب جذبات نفسانیہ پر وہ غالب آ جاتا ہے اور اس کی تائید اور نصرت میں ہر ایک پہلو سے خدا تعالیٰ کے خارق عادت افعال نشانوں کے رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 68,67)

وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا
نام اس کا ہے محمدؐ دلبر مرا یہی ہے
سب پاک ہیں پیغمبر اک دوسرے سے بہتر
لیک از خدائے برتر خیرالوریٰ یہی ہے
وہ آج شاہ دیں ہے وہ تاج مرسلیں ہے
وہ طیب و امیں ہے اس کی ثنا یہی ہے
اس نور پر فدا ہوں اس کا ہی میں ہوا ہوں
وہ ہے میں چیز کیا ہوں بس فیصلہ یہی ہے
ہم تھے دلوں کے اندھے سو سو دلوں پہ پھندے
پھر کھولے جس نے جندے وہ مجتبیٰ یہی ہے

عبادت محبت کا دوسرا نام

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

”اگر......کی عزت کے لئے دل میں محبت نہیں ہے تو عبادت بھی بے سود ہے۔ کیونکہ عبادت محبت ہی کا دوسرا نام ہے۔ وہ تمام لوگ جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی ایسی چیز کی عبادت کرتے ہیں جس پر کوئی سلطان نازل نہیں ہوا وہ سب مشرک ہیں۔......

عبادت کیا ہے جب انتہا درجہ کی محبت کرتا ہے۔ جب انتہا درجہ کی امید ہو، انتہا درجہ کا خوف ہو یہ سب عبادت میں داخل ہے۔ (ملفوظات جلد اول ص 477)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ خطبہ جمعہ 5 ستمبر 2008ء میں فرماتے ہیں:۔

آنحضرت ﷺ نے ہمیں یہ دعا سکھائی ہے(-) (جامع ترمذی کتاب الدعوات) اے اللہ میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں اور اس کی محبت جو تجھ سے محبت کرے اور ایسا عمل جو تیری محبت کے حصول کا ذریعہ ہے۔ اے اللہ میرے دل میں اپنی محبت پیدا کر دے جو میرے اپنے نفس سے زیادہ ہو میرے مال سے زیادہ ہو۔ میرے اہل و عیال سے زیادہ ہو اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ ہو۔

(الفضل 14/اکتوبر 2008ء)

محبت کا مضمون بہت گہرا ہے۔ صحیح اور حقیقی محبت جو انسان کو فائز و مرام کے مقام تک پہنچاتی ہے جس میں انسان کے لئے فائدہ ہی فائدہ ہے اور جس کی تلاش میں انسان سرگرداں رہتا ہے وہ عشق حقیقی ہے جو انسان اپنے رب سے کرتا ہے سورۃ توبہ کی آیت نمبر 24 میں اسی مضمون کو بیان کیا گیا ہے۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں جب تک میں اس کو اس کے والد سے، اس کی اولاد سے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

(صحیح بخاری کتاب الایمان باب حب الرسول من الایمان)

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

محبت کی حقیقت بالالتزام اس بات کو چاہتی ہے کہ انسان سچے دل سے اپنے محبوب کے تمام شمائل اور اخلاق اور عبادات پسند کرے اور ان میں فنا ہونے کے لئے بدل و جان ساعی ہوتا اپنے محبوب میں ہو کر وہ زندگی پاوے جو محبوب کو حاصل ہے۔ **سچی محبت کرنے والا اپنے محبوب میں فنا ہو جاتا ہے۔** اپنے محبوب کے گریبان سے ظاہر ہوتا ہے اور ایسی

(باقی صفحہ 4 پر)

مکرم محمد زکریا ورک صاحب

محترم عبدالرحمٰن صاحب دہلوی کا ذکر خیر

جماعت احمدیہ کینیڈا کے محترم عبدالرحمٰن صاحب دہلوی نیک منکسر المزاج عالم دین، پُرجوش داعی الی اللہ، 15 فروری 2009ء کو 99 سال کی عمر میں اپنے خالق حقیقی کی بارگاہ میں پہنچ گئے۔ اللہ مرحوم کی نفس نفس و بال بال مغفرت فرمائے۔ جنت میں اعلیٰ و ارفع مراتب سے سرفراز فرمائے۔

دہلوی صاحب بیک وقت کئی خوبیوں سے مرصع تھے۔ ان کی شخصیت کا ایک خاص وصف یہ تھا کہ انہوں نے سچے دین دار کی حیثیت سے ایک باوقار مومنانہ زندگی بسر کی۔

دہلوی صاحب سے میری شناسائی کوئی پچاس سال پر ممتد تھی۔ جب میں ربوہ کے محلّہ دارالصدر غربی میں بارہ یا تیرہ سال کا طفل مکتب تھا تو آپ ملٹری سروس سے ریٹائرمنٹ کے بعد بمع فیملی کے وہاں آئے تھے۔ آپ کے بیٹے نسیم الرحمٰن سے ہماری گاڑھی چھنتی تھی۔ پھر رفتہ رفتہ آپ کے تمام بچوں کے ساتھ ہمارا تعلق خاطر بڑھتا گیا۔ ہمارے محلّہ کی بیت الذکر میں آپ بڑے التزام کے ساتھ نمازوں کیلئے تشریف لاتے تھے۔ آپ کے علاوہ محلّہ میں جو بزرگ ہستیاں میری آنکھوں کے آگے اس وقت گھوم رہی ہیں وہ یہ ہیں قاری محمد امین صاحب، چوہدری محفوظ الرحمٰن صاحب، ظہور احمد باجوہ صاحب، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ صاحب، سید اسلام صاحب قصاب، اللہ بخش زراعتی صاحب، غلام محمد صاحب اختر، محمد ابراہیم ناصر صاحب اس زمانے میں آپ کی پہچان آپ کا بائیسکل تھا۔

پھر کیا ہوا کہ 1980ء کی دہائی میں آپ اپنے صاحبزادے فضل الرحمٰن عامر کے پاس کینیڈا آگئے۔ اس وقت ٹورانٹو میں میرا آشیانہ آپ کے مسکن سے کافی قریب تھا۔ اس لئے ہمارا آنا جانا بڑھ گیا۔ ملاقاتیں ہوتیں اور حکمت کے موتی ہماری جھولیوں میں ڈالتے۔ آپ کو کتب بینی اور کتب جمع کرنے کا بہت شوق تھا جس کی لت ہمیں بھی پڑی ہوئی تھی۔ ایک روز آپ نے مجھ سے استفسار کیا: کیا آپ نے بشیر احمد آرچرڈ کی کتاب لائف سپریم کا مطالعہ کیا ہے؟ میرے منفی جواب پر آپ نے اس قیمتی کتاب کا تحفہ عنایت فرمایا۔ کتاب کے مندرجات سے میں بہت متاثر ہوا۔ جب آپ کو معلوم ہوا کہ کتاب مجھے پسند آئی ہے تو فرمانے لگے کہ اچھا پھر کتاب کا اردو میں ترجمہ کردو۔ مجھے اپنی کمتری کا احساس تھا مگر میں نے تین سال میں اس کا ترجمہ مکمل کر دیا۔ ہر باب کا ترجمہ میں آپ کو فون پر سنایا کرتا تھا۔ 1989ء میں یہ کتاب عظیم زندگی کے نام سے ربوہ سے شائع ہوئی تھی۔ اس کے چند سالوں بعد آپ نے فرمایا کہ آرچرڈ صاحب کی دوسری کتاب گائیڈ پوسٹ کا بھی اردو میں ترجمہ کردو۔ یہ ترجمہ نشان منزل کے نام سے کینیڈا سے 2000ء میں شائع ہوا تھا۔

اس کے بعد 1983ء میں میں سول سروس کے سلسلہ میں کنگسٹن منتقل ہو گیا اور آپ ٹورانٹو میں قیام پذیر تھے۔ کئی بار میرے پاس کنگسٹن تشریف لائے۔ ان کے الطاف کریمانہ مجھ ناچیز پر بہت ہی تھے۔ ایک دفعہ آپ کی اہلیہ صاحبہ نے مجھے بتایا کہ دہلوی صاحب سوائے آپ کے کسی اور کے گھر جا کر رات نہیں ٹھہرتے۔ میں جب بھی ٹورانٹو جاتا تو آپ سے حتی المقدور ملاقات ضرور کرتا۔ جب دو مہینہ کے قریب آپ کے یہاں نہ جا سکتا تو آپ فون کر دیتے کہ بڑا عرصہ ہوا آپ آئے نہیں، اگلی بار ضرور مل کر جائیں۔ کئی بار ایسا ہوا کہ میں جب گھر آیا تو ٹیلی فون پر پیغام ہوتا میں عبدالرحمٰن بول رہا ہوں فون کر لیں۔ جب میں آپ کے یہاں شرف ملاقات کیلئے جاتا تو کوئی بار مجھ سے دینی مسائل پر سوالات پوچھتے اگر جواب صحیح دیتا تو بہت خوش ہوتے۔ اگر کسی نئی کتاب کا مطالعہ کرتے یا کسی سے اچھی کتاب کی شنوائی ملتی تو اس کا ذکر مجھ سے ضرور کرتے۔ اخبارات کا مطالعہ فرماتے۔ سلسلہ احمدیہ کی کتب کے مطالعہ کا شوق تو جنون کی حد تک تھا۔ حضرت مسیح موعود کی کتابوں کو سرمہ چشم بصیرت قرار دیتے تھے۔ پیرانہ سالی میں جب بینائی اس قدر کمزور ہو گئی کہ خود مطالعہ نہ کر سکتے تو اپنے بچوں یا بہو سے گزارش کرتے کہ مجھے فلاں کتاب پڑھ کے سنائو۔ یہ کام آپ کی صالح اولاد کئی سال تک کرتی رہی۔

دقیقہ رس عالم تھے۔ کتابوں کے رسیا، نہ صرف خود مطالعہ کا شوق تھا بلکہ چھوٹے چھوٹے رسالے اور پمفلٹ چھپوا کر لوگوں میں تقسیم فرماتے تھے۔ نصیحت آموز عمدہ مضامین کی فوٹو کاپیاں بھی احباب میں تقسیم فرماتے تھے۔ جس تقریب میں جاتے اپنے بیگ میں رسالے، کاغذات ساتھ رکھے ہوتے تھے۔ کئی احباب کو اپنی جیب سے رقم دے کر ان کی کتابیں چھپوائیں۔ جب بھی میں آپ سے ملاقات کیلئے جاتا آپ نے ذہن میں میرے لئے کسی نہ کسی علمی کام کا پراجیکٹ تیار کیا ہوتا تھا۔ ایک بار کسی عزیز نے آپ کو پروفیسر کرشنا راؤ کا آنحضرت نبی کریم ﷺ پر انگریزی میں مضمون امریکہ سے بھجوایا۔ آپ کو بہت پسند آیا اور مجھے کہا کہ فوراً اس کا اردو میں ترجمہ کردو تاکہ میں لوگوں میں تقسیم کرسکوں۔ میں نے اردو ترجمہ دنیا کا سب سے عظیم انسان کے عنوان سے کردیا۔ یہ 23 صفحات کا کتابچہ آپ نے ایک ہزار کی تعداد میں خود اپنے خرچ پر شائع کرایا اور ہر کس و ناکس کو تحفہ میں دیا۔ اسی طرح میں نے مائیکل ہارٹ کی کتاب میں سے آنحضرت ﷺ کی ذات والا صفات پر جو مضمون ہے اس کا ترجمہ آپ کو کر کے دیا تو آپ نے اردو اور انگریزی میں یہ مضمون کتابچے کی صورت میں تقسیم کی غرض سے چھپوایا تھا۔ غرضیکہ ہر وقت اپنے آپ کو دینی و علمی کاموں میں مصروف رکھتے تھے۔

مذہبی، دیندار اور علمی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ خوش اطوار، خوش اخلاق، صاحب علم آدمی تھے۔ ان کا مطالعہ بہت وسیع اور گوناگوں تھا۔ اردو زبان پر مسلمہ قدرت حاصل تھی۔ ادب اور شاعری سے بھی لگاؤ تھا۔ میں نے ایک بار امتحان کے طور پر آپ سے غالب کی ایک غزل کے چند دقیق اشعار کی شرح کرنے کا کہا تو آپ نے ان اشعار کی سادہ الفاظ میں شرح میرے گوش گزار کر دی۔ آپ کے الطاف کریمانہ کا کیا ذکر کروں۔ میں نے آپ کے فیض صحبت سے بہت کچھ حاصل کیا۔ ان کی نیک صحبت اور ان کے تجربات سے بہت کچھ سیکھا۔ غالب کے فارسی کلام پر بھی مکمل عبور حاصل تھا۔ بتلاتے تھے کہ وہ برطانوی راج کے دوران انگریز افسروں کو اردو کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ میں نے ان کو کبھی تقریر کرتے نہیں دیکھا لیکن ایک دفعہ مجھے بتلایا کہ قیام پاکستان سے قبل وہ مسلم لیگ کے جلسوں میں تقریریں کیا کرتے تھے۔

ہر ملاقات میں رسول کریم ﷺ کی پاک و مطہر زندگی کے واقعات سناتے۔ جب واقعہ سنا رہے ہوتے تو آنسوؤں سے آنکھیں لبریز ہوتیں۔ آنحضرت ﷺ کا نام لبوں پر آتا تو ہونٹ تھرتھرانا شروع کر دیتے، جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی، گویا غم سے نڈھال ہوئے جا رہے ہیں۔ ایک دفعہ درج ذیل شعر مجھے سنا رہے تھے، زمین پر آنکھیں مرتکز تھیں اور آہستہ آہستہ اس شعر کا ورد کرتے جاتے:

ہر راہ کو دیکھا ہے محبت کی نظر سے
شاید کہ وہ گزرے ہوں اسی راہ گزر سے

نیک دل، دوست نواز، حد درجہ مہمان نواز اور عبادت گزار انسان تھے۔ خوش مزاجی اور خوش خلقی کا ثبوت دیتے ہوئے مہمانوں کی حد درجہ تواضع کرتے۔ کھانے میں میٹھا پسند فرماتے تھے۔ جب میں نے کسی کام میں کامیابی کیلئے ان سے دعا کی درخواست کرنی ہوتی تو ملاقات کیلئے جاتے وقت شیرینی ساتھ لے جاتا تھا۔ سادہ مگر صاف ستھرا لباس زیب تن فرماتے۔ گھر پر اکثر میں نے ان کو ململ کی قمیص میں دیکھا مگر باہر جاتے تو آنکھوں پر دبیز شیشوں کا چشمہ ہوتا، سیاہ رنگ کی شیروانی اور جناح کیپ ضرور پہنتے تھے۔ ایک دفعہ میں شرف ملاقات کیلئے شام ڈھلنے کے وقت گیا تو فرمایا کہ نمازیں جمع کرا دیں۔ مجھے امامت کیلئے کہا۔ میں نے مغرب میں لمبی سورتیں اور عشاء کی نماز میں چھوٹی سورتیں تلاوت کیں۔ نماز کے بعد خوشنودی کا اظہار فرمایا کہ حدیث میں یہی آیا ہے کہ اگر نمازیں جمع کرو تو مغرب میں لمبی سورتیں تلاوت کرنا مستحب ہے۔

ایک دفعہ ناصحانہ اور پدرانہ رنگ میں فرمایا ہر باپ کی دعا اپنے بیٹے کے حق میں قبول ہوتی ہے۔ ہر باپ یہ چاہتا ہے کہ اس کا بیٹا ترقی کرے اور اس سے بھی بہت آگے نکل جائے۔ اس لئے اپنے بیٹوں کیلئے ضرور متضرعانہ دعائیں کیا کریں۔ حدیث میں آیا ہے کہ اپنی بیوی کے منہ میں لقمہ ڈالنا بھی ثواب کا کام ہے۔ چنانچہ اس حدیث کے سننے کے بعد میں نے اس پر عمل شروع کر دیا۔ ایک دفعہ میں نے مزاح کے رنگ میں اپنی اہلیہ کو بے غم کہہ کر پکارا تو آپ بہت محظوظ ہوئے اور کہا ہم تو اپنی اہلیہ کو نیک بخت کہہ کر بلاتے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں مروت، مزاج میں شرافت، کردار میں بے مثال نجابت، تبسم میں حلاوت، یہ اوصاف ان کی شخصیت اور زندگی کا خلاصہ تھے۔

کبھی کبھی انسان اس قدر بے بس ہو جاتا ہے کہ پرانی یادیں فلمی تصویروں کی طرح آنکھوں کے سامنے گھوم رہی ہوتی ہیں اور تمام مناظر اس تیزی کے ساتھ گزرتے ہیں کہ ہر ایک کو دماغ کے پردے پر قید کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ میں بھی اس وقت اسی حالت میں ہوں۔ جب ان کی رحلت کا خیال آتا ہے تو عجیب سی بے چینی اور بے کیفی کا احساس ہوتا ہے۔ اس کا احساس سب سے زیادہ امسال جلسہ سالانہ کینیڈا کے موقعہ پر ہوا تھا۔

خالہ جان کی وفات کے بعد بجھ سے گئے تھے۔ معمولات میں فرق آ گیا تھا۔ ہر وقت آخری دن کے انتظار میں رہتے تھے۔ تین روز بستر علالت پر دراز رہنے کے بعد اس دار فانی سے رخصت ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے اور ہم عاصیوں کو بھی اپنی مغفرت کی چادر تلے ڈھانپ لے۔ آمین

بقیہ صفحہ 3

تصویر اس کی اپنے اندر کھینچتا ہے کہ گویا اسے پی جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ وہ اس میں ہو کر اور اس کے رنگ میں رنگین ہو کر اور اس کے ساتھ ہو کر لوگوں پر ظاہر کر دیتا ہے کہ وہ درحقیقت **اس کی محبت میں کھویا گیا ہے**۔ محبت ایک عربی لفظ ہے اور اصل معنے اس کے **پُر ہو جانا ہے**......

سو تعلیم قرآنی ہمیں یہی **سبق** دیتی ہے کہ نیکوں اور ابرار اخیار سے محبت کرو اور فاسقوں اور کافروں پر شفقت کرو۔

پس قرآنی تعلیم کا اصل مطلب یہ ہے کہ محبت جس کی حقیقت محبوب کے رنگ سے رنگین ہو جانا ہے۔ بجز خدا تعالیٰ اور صلحاء کے اور کسی سے جائز نہیں۔ بلکہ سخت حرام ہے۔ جیسا کہ فرماتا ہے والذین آمنوا اشد حبا للہ ...... اور ہر ایک شخص جو صالح نہیں اس سے محبت مت کرو۔

(نور القرآن نمبر 2۔ روحانی خزائن جلد 9 ص 431 تا 434)

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اے تمام وہ لوگو جو زمین پر رہتے ہو! اور اے تمام وہ انسانی روحو جو مشرق و مغرب میں آباد ہو! میں پورے زور کے ساتھ آپ کو اس طرف دعوت کرتا ہوں کہ **اب زمین پر سچا مذہب صرف**...... ہے اور سچا خدا بھی وہی ہے جو قرآن نے بیان کیا ہے اور ہمیشہ کی روحانی زندگی والا نبی اور جلال اور تقدس کے تخت پر بیٹھنے والا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔

(تریاق القلوب۔ روحانی خزائن جلد 15 ص 141)

مرؔی فطرت سے نفرت کانپتی ہے
میں دہلیز محبت پر پلا ہوں

ص اکرم چٹھہ

میرے پیارے ابا جان

مکرم چوہدری رحمت خاں صاحب (سابق امام بیت الفضل لندن)

باپ تو وہ عظیم ہستی ہے جس کے دل سے نکلی ہوئی دعا بھی رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتا ہے جس کا بھیگی آنکھوں کے ساتھ بیٹی کے سر پر ہاتھ دنیا کی تمام نعمتوں سے بھاری ہوتا ہے اور جو تازندگی دعاؤں کا خزانہ ہوتا ہے۔ یقیناً میری ماں میرے نزدیک میری یونیورسٹی بھی تھی مگر ابا جان باپ ہونے کے علاوہ میرے استاد بھی تھے۔

میرے ابا جان 1899ء میں دھیر کے کلاں ضلع گجرات میں ایک معزز احمدی زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ہمارے دادا جان حضرت چوہدری خوشی محمد صاحب کو خدا تعالیٰ کے فضل سے رفیق حضرت مسیح موعود ہونے کا شرف حاصل تھا۔ ابا جان کو بھی ساتھ قادیان لے کر گئے لیکن آپ کو کچھ زیادہ چھوٹی عمر ہونے کی وجہ سے یاد نہیں تھا۔

1918ء میں میٹرک پاس کرنے کے بعد ٹریننگ لی اور سکول میں ٹیچر کی حیثیت سے کام شروع کیا۔ ایف اے کا امتحان پرائیویٹ دیا۔ اپنی محنت اور خداداد ذہانت کی بنا پر ایف اے کا امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس ہی نہیں کیا بلکہ وظیفہ کے مستحق قرار پائے۔ بعد ازاں بی اے اعلیٰ نمبر حاصل کر کے پاس کیا اور زمیندار ہائی سکول گجرات کے ریٹائرمنٹ کی عمر تک ہیڈ ماسٹر رہے۔ ابا جان کے شاگرد ہر محکمہ اور ہر عہدے پر ملتے تھے۔ جب کبھی ابا جان کے ساتھ سفر کرنے کا موقع ملتا ہر گاڑی اور ہر بس میں ابا جان کو شاگرد مل جاتے۔ اکثر کے نام اور شکلیں ابا جان کو بھول چکی ہوتی تھیں۔ ابا جان بڑی محبت و شفقت سے اپنے شاگردوں سے ان کی سروس اور ان کے افسروں کے متعلق پوچھتے۔ شاگرد بھی بے حد احترام کرنے والے ہوتے۔ ایک دفعہ آپ کے قابل شاگردوں میں سے ایک جوان ان دنوں فوج میں بریگیڈیئر کے عہدے پر فائز تھے۔ ابا جان کو سکول ملنے کے لئے آئے۔ سکول کے کل طلباء کو ہال میں اکٹھا کیا گیا۔ ابا جان نے ان کا تعارف نئے طالبعلموں سے کروایا۔ چائے کا بھی انتظام تھا۔ لیکن بریگیڈیئر صاحب نے کہا کہ چوہدری صاحب ان شاگردوں کے سامنے اسی پیار وشفقت سے تھپکی دے دیں۔ میرے کندھوں پر مجھے صرف یہ تھپکی مستقبل میں اسی طرح راہنمائی کرے گی جس طرح آپ کی پہلی نصائح۔

ابا جان تقریباً 40 سال تک دھیر کے کلاں جماعت کے صدر رہے۔ بچپن سے پنجوقتہ نماز کے عادی تھے۔ اپنے بچپن کا ایک واقعہ سنایا کرتے تھے جو خدا تعالیٰ کے ساتھ خاص لگاؤ اور تعلق کا ذریعہ بنا۔

ابا جان ساتویں یا آٹھویں جماعت کے طالب علم تھے۔ چھٹی کا دن تھا۔ سارا دن والدین کا مختلف کاموں میں ہاتھ بٹاتے رہے۔ ظہر کی نماز کے بعد کتابیں اٹھائیں اور باہر اپنے والد صاحب کے پاس چلے گئے تا کہ سکول سے ملا ہوا کام بھی کر لیں اور اپنے والد صاحب کا بھی اگر ضرورت پڑے تو ہاتھ بٹا لیں گے۔ جب آپ اپنی پڑھائی میں مصروف تھے تو ایک مستری جو کام کرنے آیا ہوا تھا ہمارے دادا جان کو کہنے لگا۔ چوہدری صاحب! آپ کا بیٹا بہت ہی خوش قسمت ہے اور خوش نصیب ہیں آپ کہ یہ رحمت خاں ملا۔ جب ابا جان فارغ ہو کر گھر آئے تو ان کی ٹانگ سوجنا شروع ہوگئی۔ تکلیف بڑھتی گئی۔ کچھ عرصہ بعد مادہ رسنا شروع ہوگیا۔ آخر کار جب کوئی علاج فائدہ مند ثابت نہ ہوا تو ڈاکٹروں کا مشورہ تھا کہ ٹانگ کاٹ دی جائے۔ کیونکہ ٹانگ کی ہڈی گلنا شروع ہوگئی تھی۔ یہ وقت میرے ابا جان کے لئے سخت آزمائش اور ذہنی بے چینی کا زمانہ تھا۔ اپنا قیمتی سال ضائع ہونے کا ڈر اور معذور ہونے کا خوف۔ ڈاکٹروں اور حکیموں کا فیصلہ سننے کے بعد ابا جان جن کی عمر اس وقت 14 سال تھی تڑپ تڑپ کر خدا کے حضور دعائیں شروع کر دیں۔ خدا تعالیٰ سے اس نیک بندے یا نیک بچے نے ایک عہد باندھا کہ اے میرے مولیٰ! اگر میری ٹانگ ٹھیک ہوگئی جو بظاہر ناممکن نظر آتا ہے مگر تیرے لئے تو کچھ ناممکن نہیں تو میں آخری سانس تک کوئی نماز قضا نہیں کروں گا اور تو ہی مجھے اس عہد کو نبھانے کی بھی توفیق عطا کرنا۔

ابا جان اس دعا کے بعد معلوم نہیں کن سوچوں میں تھے کہ اپنے زخم میں اپنی زخمی ہڈی کو ہاتھ سے ٹٹولا تو خدا کی قدرت کہ گلی ہوئی ہڈی ٹوٹ کر آپ کے ہاتھ میں آگئی اور آہستہ آہستہ زخم بھرنا شروع ہوگیا اور آپ نے چلنا پھرنا شروع کر دیا۔ ابا جان نے اپنے رحیم و کریم سے باندھا ہوا عہد اسی کی دی ہوئی توفیق سے اپنے آخری سانس تک نبھایا۔ تہجد کی نمازوں میں گڑگڑا کر دعا کرنے کی آواز اب بھی میرے کانوں میں اس وقت بھی محسوس ہو رہی ہے۔ جس دن ہمیں داغ مفارقت دیا اس رات بھی عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر سوئے مگر تہجد کے نوافل کی ادائیگی سے پہلے ہی سوئے ہوئے ہونے کی حالت ہی میں خدا تعالیٰ نے ان کو اپنے پاس بلا لیا۔

ابا جان صرف خود ہی نمازوں کے پابند نہیں تھے بلکہ آپ نے اپنی اولاد کی تربیت اس رنگ میں فرمائی کہ خدا کے فضل سے آپ کی ساری اولاد پابند صوم وصلوٰۃ ہے۔ خاکسار کو اپنے بچپن کا واقعہ یاد ہے ایک رات میں نے عشاء کی نماز ادا نہ کی اور چھت پر جا کر لیٹ گئی۔ خیال تھا کہ اٹھ کر پڑھ لوں گی مگر بچپنا تھا۔ جہاں لیٹی تھی وہیں سوگئی۔ ابا جان جب بیت الذکر سے نماز ادا کر کے آئے تو معلوم نہیں کہ آپ کو کیسے خیال گزرا کہ صوفیہ نے نماز نہیں پڑھی۔ سیدھے اوپر آئے مجھے جگایا اور پوچھا کہ صوفیہ بیٹی نے نماز پڑھ لی ہے۔ میں نے بتایا نہیں ابا جان۔ پھر پوچھا مغرب کی پڑھی تھی میں نے بتایا جی ابا جان تو بڑے پیار سے فرمایا کہ میں تمہارے پاس بیٹھتا ہوں تا کہ تمہیں ڈر نہ لگے۔ تم نماز پڑھ لو۔

زندگی کی آخری رات بھی نماز سے فارغ ہو کر لیٹ گئے اور سورۃ یٰسین پڑھنے لگے۔ مجھے باورچی خانے سے بلایا اور پوچھا صوفیہ خانم تمہیں کتنا قرآن مجید زبانی یاد ہے۔ پھر میری بڑی ہمشیرہ زبیدہ چوہدری صاحبہ سے پوچھا۔ پھر میری طرف مسکرا کر دیکھا اور فرمایا تمہیں میرے جتنا تو یاد ہوگا مگر یہ تو میری خوش فہمی نکلی صرف عزیزم مسعود کو میرے جتنا یاد تھا۔ بھائی جان مسعود کو خدا تعالیٰ نے لحن داؤدی سے نوازا تھا اور کام کرتے وقت بھی لندن کے قیام کے دوران کا ذکر ہے تلاوت کرتے رہتے تھے۔ بیت فضل میں نداء دیتے تھے۔ ان کی وفات کے دن تک جو بھی بڑا جلسہ ہوتا تلاوت ان کی رکھی جاتی بلکہ چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے جس موضوع پر تقریر کرنی ہوتی تھی وہ آیات بھی منتخب کر کے فرماتے مسعود زبانی تلاوت یاد کر کے کرنی ہے کیونکہ مجھے یہ زیادہ محبوب ہے۔

ابا جان نہایت درجہ صابر و شاکر تھے۔ اپنی زندگی میں ان کو بہت سارے صدمات برداشت کرنے پڑے مگر آپ کی زبان سے کوئی ایسا حرف بھی نہیں نکلا جو ان کی اپنے مولیٰ سے دور کر دینے والا ہو۔ آپ نے جو صبر کا اعلیٰ نمونہ اپنے 26 سالہ نوجوان بیٹے کی دردناک وفات پر دکھایا وہ اپنی مثال آپ ہے۔

28 فروری کی رات گیارہ بجے کا وقت جبکہ ابا جان مرحوم ومغفور لاہور احمدیہ ہاسٹل میں اپنے کمرہ میں سوئے ہوئے تھے کہ امام بیت الفضل لندن محترم بشیر احمد رفیق جو ابا جان کے لندن کے زمانہ میں نائب امام تھے کا تار جس میں بھائی جان مسعود احمد خاں جو کیمیکل انجینئرنگ میں پی ایچ ڈی کر چکے تھے۔ Thesis وغیرہ بھی لکھا جا چکا تھا کی وقار عمل کرتے ہوئے بجلی کے حادثے سے وفات کی اطلاع تھی ہوسٹل پہنچا۔ مسعود احمد سب سے چھوٹا بیٹا جس کو لندن کے قیام کے دوران مکرم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب مرحوم کے مشورہ پر اعلیٰ تعلیم کے لئے برطانیہ بلایا گیا تھا اور اپنا 4 سال کا وقف پورا کرنے کے بعد ان کو تعلیم پوری کرنے کے لئے چھوڑ آئے۔ وہ قائد خدام الاحمدیہ کی حیثیت سے خدمت بجا لا رہے تھے۔ وفات سے گھنٹہ پہلے وہ اجلاس کروا کر آئے طوفانی رات تھی۔ اب مشن ہاؤس کی عمارت میں بہت تبدیلیاں آچکی ہیں۔ محسوس کیا کہ Basement میں پانی جا رہا ہے۔ باہر نکل کر Gutter وغیرہ سے رکاوٹ نکالنے کے لئے اندر سے لائٹ کے لئے جو تار لائے۔ وہی وفات کا باعث بن گئی۔ اس زمانہ میں فون کالز کی سہولت نہیں تھی اس لئے ایسے پیغامات کے لئے ٹیلیگرام کا سہارا لیا جاتا تھا۔ یہ تار جو لڑکے رات کو پڑھائی میں مصروف تھے انہوں نے وصول کیا یہ کوئی معمولی خبر نہ تھی ایک ضعیف باپ کے لئے ہارٹ فیل ہونے کا خطرہ تھا سو ہوسٹل کے لڑکوں نے صبح تک اس بات کو چھپائے رکھا۔ ابا جان نے نماز تہجد ادا کی۔ نماز فجر کی امامت کی درس دیا اور پھر اخبار لے کر لان میں کرسی پر بیٹھ گئے۔ نوکر اپنے لئے ابا جان اپنے گاؤں سے لائے ہوئے تھے لڑکوں نے اس خادم کو مجبور کیا کہ چوہدری صاحب کو ناشتہ جلدی کرواؤ۔ لڑکوں نے بجائے یونیورسٹی وغیرہ جانے کے ابا جان کے پاس آنا جانا شروع کر دیا۔ جب ابا جان نے ناشتہ کر لیا تو ان لڑکوں میں سے ایک نے کہا کہ چوہدری صاحب آپ نے مسعود کی شادی کر دی ہوئی ہے۔ ابا جان نے مسکرا کر کہا کہ ابھی پی ایچ ڈی سے فارغ ہوا ہے اب آئے گا تو پھر۔ پھر لڑکوں نے پوچھا آپ کا گاؤں دھیر کے گجرات سے کتنا دور ہے اور وہاں جانے کا کیا انتظام ہے۔ ابا جان نے کہا بھئی اصل بات مجھے بتاؤ۔ یا تو تم لوگوں نے آپس میں کوئی جھگڑا کیا ہوا ہے یا کسی پڑوسی کا یا ہوسٹل کا نقصان کیا ہے۔ ہوسٹل ان دنوں 108C ماڈل ٹاؤن میں تھا اس پر انہوں نے کہا کہ چوہدری صاحب ایک خبر ہے برداشت کر لیں گے۔

